حج بیت اللہ کرتے ہیں مدینہ بھی دکھاتا ہے

حرم میں آنے والوں پر خدا کا فضل بھاری ہے
دکھا اک بار مدینہ یہی خواہش ہماری ہے

روح کی تسکین کا یہاں پہ انتظام ہوتا ہے
درس قرآن وسنت وہاں صبح و شام ہوتا ہے

وہاں نہ فرقہ پرستی ہے نہ شرک کی بیماری ہے
دکھا اک بار مدینہ یہی خواہش ہماری ہے

محمد ﷺ کے صحابہؓ کا بڑا کردار اعلیٰ ہے
ہر اک نبی کا خادم ہے ہر اک کی شان دوبالا ہے

زمانے بھر میں مشہور انکی سپہ سالاری ہے
دکھا اک بار مدینہ یہی خواہش ہماری ہے

محمد ﷺ سے محبت کرنے والوں کا مدینہ ہے
وہاں نہ حسد نہ بغض نہ دل میں کوئی کینہ ہے

انھوں نے سنت نبوی ﷺ پہ زندگی گزاری ہے
دکھا اک بار مدینہ یہی خواہش ہماری ہے

تمنا ہے میرے اللہ مدینے موت آجائے
قبر میں آکے جنت کا بستر کوئی بچھا جائے

نہیں ہے تاج پلے کچھ مگر فضل غفاری ہے
دکھا اک بار مدینہ یہی خواہش ہماری ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہمیں اپنے نبی ﷺ کی سب ادائیں اچھی لگتی ہیں

نعت شریف

ہمیں اپنے نبی ﷺ کی سب ادائیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
نبی ﷺ کی ذات بھی رحمت نبی ﷺ کی بات بھی رحمت — ان کی صفات بھی رحمت ان کی نعت بھی رحمت
ہمیں پیارے کی ساری درس گاہیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
حیوان بھی کرتے تھے اقرار حضرت کی رسالت کا — دیا اللہ نے ان کو اقصیٰ میں رتبہ امامت کا
صحابہؓ نے جو ان سے کیں وفائیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
دکھا دے اے میرے اللہ شہ ابرار کی گلیاں — بڑی حسین پیاری ہیں نبی ﷺ سردار کی گلیاں
جو مسجد نبوی ﷺ کو جائیں وہ راہیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
ہمیں تو تاجؔ اللہ کی پناہیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
آؤ نبی ﷺ کی سنت سے اعتصام کرتے ہیں — اک اللہ کی تسبیح مل کر صبح و شام کرتے ہیں
جدھر بھی نظر اٹھائیں بڑا کمال ملتا ہے — نبی ﷺ کا حسن ہر طرف بے مثال ملتا ہے
مدینہ طیبہ کی تاجؔ فضائیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
بڑا کردار اعلیٰ ہے مسلم ہے وفاداری — صحابہؓ دین کی خاطر اٹھائی ہر دشواری
نبی ﷺ کو دیکھنے والی نگاہیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
بڑے خوش بخت ہیں آپ کی راہ پر جو چلتے ہیں — ہمیشہ شمع کے آگے پروانے ہی جلتے ہیں
ہمیں تو اس شہر کی سب ہوائیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں
کبھی دجال آسکتا نہیں مدنی کی گلیوں میں — کبھی شرک سما سکتا نہیں مدنی کی گلیوں میں
ہمیں ساری مدینے کی شاہراہیں اچھی لگتی ہیں — جو مانگی انھوں نے رب سے دعائیں اچھی لگتی ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہ امام صف انبیاء ہیں ان جیسا کوئی آیا نہیں ہے

نعت شریف

وہ امام صف انبیاء ہیں ان جیسا کوئی آیا نہیں ہے
میرے مدنی محمد جیسا رب کوئی بنایا نہیں ہے

ان کے آنے سے آئی بہاریں ہوگئیں سب معطر دیواریں
ایسا پیارا رہبر کامل کوئی دنیا میں آیا نہیں ہے

شمع توحید گھر گھر جلائی مان گئی ان کو ساری خدائی
صدمہ ایسا کسی بھی نبی نے دین کی خاطر اٹھایا نہیں ہے

والی بطحا در یتیم راہبر و رہنما اور حکیم
ایسا حسین و جمیل چہرہ کوئی اور سجایا نہیں ہے

شاد ماں اور روشن پیشانی حسن اخلاق چہرہ نورانی
حسد کینہ سے پاک ان کا سینہ جس میں بغض سمایا نہیں ہے

طعنے اپنوں بیگانوں کے سہتے غم امت کے اندر رہتے
شب روز رب کو کر کر کے سجدے کسی اور منایا نہیں ہے

غرباء مسکینوں کا وہ سہارا جس نے اخلاق سے جگ سنوارا
اس قدر تاج صابر نبی ﷺ تھے اعداء کو بھی ستایا نہیں ہے

جب فلک پر اللہ بلایا رتبہ معراج کا رب عطایا
تاج اللہ سے پیارے یوں تحفے کوئی نبی بھی لایا نہیں ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تاجدار ختم نبوت ﷺ

میرے نبی کا ہر اک بول ہدایت ہی ہدایت ہے — وہ رحمت عالم ٹھہرے ختم ان پر نبوت ہے

کہ جب فرما دیا اللہ نے ورفعنا لک ذکرک — میں ان کے بیان کروں اوصاف کہاں مجھ میں یہ طاقت ہے

بھلا آسکتا ہے کوئی نبی بن کر زمانے میں — میرے اللہ ختم کر دی بس ان پر رسالت ہے

جو سنت مصطفیٰ ﷺ کو اپنے سینے سے لگا تا ہے — نبی ﷺ نے کہہ دیا اس کے لئے جنت ہی جنت ہے

رضا جوئی اگر چاہتے ہو اللہ کی ایمان والو! — محمد ﷺ کی اطاعت در اصل رب کی اطاعت ہے

محمد مصطفیٰ ﷺ کی نعت اور تاج قلم تیرا — حقیقت میں یہ سارا قرآن ان کی فضیلت ہے

میں کیسے جشن مناؤں میں کیسے ڈھول بجاؤں — وہی تاریخ پیدائش ہے وہی تاریخ رحلت ہے

میرے اللہ نے دین کامل فرما دیا ان پر — در اصل صراط مستقیم یہی توحید و سنت ہے

مکدر تھی فضا جہاں کی جب خیر البشر آئے — سنایا جب قرآن پیارے ہوئی رحمت ہی رحمت ہے

63 سال کی پا کر عمر سمجھا گئے ہم کو — کہ دنیا کی حقیقت کچھ نہیں اک زیب و زینت ہے

دیئے اللہ نے ان کو اس قدر اوصاف حمیدہ — کہ سب سے زیادہ وارث جنت انہی کی امت ہے

دل و جان ہوئے منور کہ جب تشریف لائے وہ — کہ ان کے آنے سے ہوئی ختم ظلم و جہالت ہے

وہ جاتے جس طرف پتھر انہیں سلام کرتے تھے — ہر اک فرماں میں ان کے فصاحت ہے بلاغت ہے

رسول پاک ﷺ کی ہر صفت انوکھی نرالی ہے — کہ ان کے خلق کی قرآن بھی دیتا شہادت ہے

شکم پر سنگ اسود ہے کئی دنوں سے فاقہ ہے — مگر پھر بھی حیات پاک میں صبر و قناعت ہے

قمر کو کر دیا ٹکڑے انگشت ان کی پیاری نے — وہ ایسے رہبر کامل جہاں جرات ہی جرات ہے

نہ حسرت ہم کو جینے کی نہ کچھ کھانے کی پینے کی — محمد ﷺ کی محبت دراصل ساری ہی دولت ہے

ہمیں جب اس جہاں اندر کسی آزار تڑپایا — مرے اللہ نے اپنی رحمت سے کی حفاظت ہے

فروغ دین کی خاطر ہر دم وہ مگن رہے — نہ دولت کی تمنا ہے نہ حشمت کی ضرورت ہے

وہ اپنی فرحتیں غیروں کے غموں میں بھلا دیتے — اے تاج ان کے در اقدس محبت ہی محبت ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شہید اسلام علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمہ اللہ کی شہادت پر 1987ء

اسلام کا بیباک سپاہی احسان الٰہی احسان الٰہی — قرآن وسنت کا شیدائی احسان الٰہی احسان الٰہی
محدثین کا فیض یاب علم و ادب کا آفتاب — اپنے پرائے دی گواہی احسان الٰہی احسان الٰہی
نقیب عظمت اسلاف خوش خلق اور سینۂ صاف — عطا کی میرے رب دانائی احسان الٰہی احسان الٰہی
خطیب ملت علامہ احسان داعی دین حق کا نشان — بیان کی رب کی کبریائی احسان الٰہی احسان الٰہی
ہمیشہ رکھی قائم خودداری یوتھ فورس میں تھی بیداری — روشن آئینہ حق نمائی احسان الٰہی احسان الٰہی
شیر کی للکار ایسی حق کی تلوار ایسی — شہادت اللہ سے چاہی احسان الٰہی احسان الٰہی
کاروانِ امن کا رہبر رب سوا نہ کسی کا ڈر — توحید وسنت پر جان لٹائی احسان الٰہی احسان الٰہی
حکمرانوں کو للکارا کیا باطل کو پارہ پارہ — مان گئی ان کو سب فدائی احسان الٰہی احسان الٰہی
مسلک حق کو پھیلایا بچھڑے ہوؤں کو ملایا — پسند کرتے تھے صلح وصفائی احسان الٰہی احسان الٰہی
آنکھ ہر اشکبار دیکھی غمزدہ ہر دیوار دیکھی — شہادت رب نے عطائی احسان الٰہی احسان الٰہی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نعت رسول مقبول ﷺ

میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے — میں بھی جشن مناتا منایا ہوتا نبی ﷺ نے
صدیق و عمر نے عثمان و علی نے — صحابہ نے کیا وہی کچھ جو کچھ کیا نبی ﷺ نے
12 ربیع کو فاطمہ آنسو بہا رہی تھی — زبان صدیق سب کو قرآن سنا رہی تھی
میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے — میں بھی جشن مناتا منایا ہوتا نبی ﷺ نے
وفات نبی سے ہر گھر چھا گیا اندھیرا — ہر ایک غمزدہ ہوا یوں بجھ گیا سویرا
ہر اک زبان خاموش تھی کچھ نہ کہا کسی نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
نعرۂ لا الہ کا میرے نبی ﷺ لگایا — شرک و بدعت کی ہر اک دیوار کو گرایا
بت پاش پاش کر دیئے اس دعوت کھری نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
انس و بلال جس دن انھیں دفنا رہے تھے — کتنا حسین چہرہ مٹی رلا رہے تھے
دکھی کیا ہوا تھا انھیں غم اس گھڑی نے — میں بھی سجاتا گھر جو سجایا ہوتا نبی نے
اپنے عظیم خلق سے جو دنیا بسا گئے تھے — نور توحید سے وہ جہاں جگمگا گئے تھے
سینے کیئے منور محمد ﷺ کی رہبری نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
بھٹکی ہوئی امت کو سوھنے دیا سنبھالا — غم خوار امت کا پیا را وہ کملی والا
کونین میں بھرا رنگ سیرت محمدی ﷺ نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
مسجد نبی ﷺ جو سجتی روضہ نبی ﷺ جو سجتا — مسجد حرام سجتی تو بیت اللہ بھی سجتا
نہ کیا کسی امام نے نہ کیا کسی ولی نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
اس پر سلام جس کی تاروں نے دی گواہی — اس پر سلام جس کی پاروں نے دی گواہی
اس پر سلام جس کی شہادت دی جھونپڑی نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے
وہ قرآن و سنت نظام دے گئے ہیں — اخوت محبت کا پیغام دے گئے ہیں
گرما دیئے ہیں دل تاج سنت نبی ﷺ نے — میں بھی سجاتا گھر اگر سجایا ہوتا نبی ﷺ نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

نعت شریف

سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے
اطاعت مصطفیٰ ﷺ کا پٹکا پہنا گئی ہے

حسن میں سب سے اعلیٰ خلق میں سب سے بالا
ہر ایک سے نرالا وہ کالی کملی والا

کلیوں کو ان کی خوشبو بھی شرما گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

بولیں تو ایسا بولیں چمن کھل گئے ہیں
اٹھتی تھیں جب نگاہیں تو راہی سنبھل گئے ہیں

ان کے آنے سے چمن میں بہار آ گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

سرکش دلوں کو رب نے مسخر کر دیا ہے
کلام مبین نے ہر دل منور کر دیا ہے

سن کے شیطان کی ذریت بھی ڈگمگا گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

آیا جو پاس ان کے کوئی گیا نہ خالی
یتیموں بے کسوں کے محمد ﷺ بنیں ہیں والی

ظلمت بھی دیکھ کر انھیں حوصلے ڈھا گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

قربان ان کی شیریں زباں پہ ہے زمانہ
کوہ صفا پہ گونجا توحید کا ترانہ

ان کی آواز ہر سو دل تڑپا گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

حیران ہیں فرشتے ہر صفت ہے نرالی
بخشی خدا ہدایت جس پر نظر بھی ڈالی

سیرت نبی ﷺ کی ہر جگہ رنگ لگا گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

ان کے ہجر کا غم ہے عشرتوں سے زیادہ
صدمہ نہیں ہے کوئی ان فرقتوں سے زیادہ

ہر آنکھ ان کے غم میں ہر کو رلا گئی ہے
سیرت میرے نبی ﷺ کی دنیا میں چھا گئی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نعت رسول مقبول ﷺ

مرا مرشد مرا ھادی وہ سوہنا کملی والا ہے
کہ جس کی صورت وسیرت کیا جگ میں اُجالا ہے

سبق توحید کا دیا ہے جس نے ساری دنیا کو
کہ جس نے انسانیت کو غلامی سے نکالا ہے

وہ آئے ساقی کوثر جہاں مہتاب کی مانند
کہ ان کی ذات اقدس سے ہوئی رونق دوبالا ہے

جہالت وظلمتوں اور خود پرستی میں جو ڈوبے تھے
انھیں پیارے رسول اللہ عبادت میں ڈھالا ہے

محمد مصطفی ﷺ لائے سبق حلم و مروت کا
کہ اخلاق میرے مدنی کا دنیا سے نرالا ہے

جو سنت مصطفی ﷺ لے کر اتر جائے میدان اندر
اسے غم کیا ہوگا کہ اس کے ساتھ رب تعالیٰ ہے

وہی تو ساقی کوثر وہی ہیں شافع محشر
ملا رحمت عالم کا لقب جن کو اعلیٰ ہے

وہ جس نے دن گزارے بندگان رب کی اصلاح میں
وہ جس نے شرک ظلمت کو زمانے سے نکالا ہے

اگر جنت میں داخل ہونا ہے ان کی رفاقت میں
تو طاعت نبوی ﷺ تاج بالکل لا محالہ ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نعت رسول مقبول ﷺ

اماموں کی امامت اور مطاع ہیں بس رسول اللہ ﷺ
دونوں جہاں امام الانبیاء ہیں بس رسول اللہ ﷺ

بڑے قائد آئے ہیں تاج اس دنیا کے اندر
مگر رہبر کامل رہنما ہیں بس رسول اللہ ﷺ

کوئی سیرت میں اکمل ہے کوئی صورت میں اجمل ہے
جہاں میں پیکر شرم و حیا ہیں بس رسول اللہ ﷺ

سبق انسانوں کو توحید کا ایسا سکھا کر گئے
عرب سارے کو دکھلا دی ہے سیدھی راہ رسول اللہ ﷺ

فلاح دین و دنیا ہے ان کی ذات اقدس میں
ہر اک مومن کیلئے اسوہ ہیں بس رسول اللہ ﷺ

خدا شاہد بڑی مشکل سے دن گزرے تھے کے میں
پھر بھی اک اللہ کے در پر جھکا ہے بس رسول اللہ ﷺ

خلیل اللہ ہے کوئی کلیم اللہ ہے کوئی
مگر لوگو حبیب کبریا ہیں بس رسول اللہ ﷺ

وہ ختم الانبیاء ہیں اس پہ شاہد رب کا قرآن ہے
حشر تک قرآن کافی معجزہ ہے بس رسول اللہ ﷺ

اشارہ ان کا اور شق القمر کا معجزہ دیکھو
رہ گئے مبہوت کافر دیکھ کر جلوہ رسول اللہ ﷺ

ملا ہے درس عبرت ان کی سیرت پاک سے ہم کو
کہ سنت مصطفیٰ ﷺ باعث شفا ہے بس رسول اللہ ﷺ

وہ سحاب رحمت ہیں وہ خلاق زمانہ ہیں
ہوا گرویدہ جس نے بھی سنا ہے بس رسول اللہ ﷺ

عرب کی سرزمین پر چاند بن کر اس طرح اترا
اجالا عرش پر پھیلا ہوا دیکھا رسول اللہ ﷺ

کوئی نوکر کوئی خادم برادر نہ کوئی عزیز
اکیلا گھر سے نکلا منزل پر پہنچا رسول اللہ ﷺ

محبت ان کی مل جائے ہے کافی تاج سرمایہ
اسے سب کچھ ملا جس کو ملا ہے بس رسول اللہ ﷺ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ملی ہے شان مجھ کو تاج سیرت بیان کرنے سے

ملی ہے شان مجھ کو تاج سیرت بیان کرنے سے
کہ اس دنیا میں سنت مصطفیٰ ﷺ کا دم بھرنے سے

عرب کے چاند نے کر دی ختم جہالت وظلمت
ہوئی روشن زمین ساری قرآن کے اترنے سے

بسا ہے میرے رگ و پے میں پیار ان کا لہو کی طرح
مزا عجب ہے اے تاج ان کی راہ میں مرنے سے

ہو جس گھر میں قرآن و سنت بدل جاتی ہیں سب سوچیں
آؤ فیصل وحی مانیں کیا فائدہ ہے لڑنے سے

آؤ سارے محبت مصطفیٰ ﷺ سے کر لیں دل روشن
اعضاء سارے سنور جاتے ہیں دل کے اک سنورنے سے

ہے واجب سجدہ اللہ کو وہی تو سب کا داتا ہے
مسائل حل ہو جائیں گے ایک اللہ کے ڈرنے سے

حدیثیں مصطفیٰ ﷺ کی درس دیتی ہیں تواضع کا
علم کے سب خزانے مٹ جاتے ہیں بس اکڑنے سے

نہ شوکت دنیا سے لذت نہ لذت پارسائی سے
گھروں میں رونقیں آجاتی ہیں سیرت کے پڑھنے سے

جنہیں معراج کی خاطر بلایا عرش پر رب نے
قدر جبرائیل نے جانی مہار ان کی پکڑنے سے

پڑھیں گے مسجد قباء میں جا کر دو نفل ہم بھی
آگاہ ہو جائے گی دنیا مسافر کے گزرنے سے

آؤ اک اللہ کے در پر فقیر سارے بن جائیں
کیا فائدہ تاج غیروں کی چوکھٹ پر سر دھرنے سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پوری دنیا میں تہلکا مچا دینے والی نظم

یہ مدارس اسلام کی شان ہیں　　فیض یاب ان سے سارے مسلمان ہیں
سارا جہاں کرے ان کو سلامیاں　　عرش فرشی بھی کرتے ہیں غلامیاں
پڑھتے ہیں جو وہ عظیم انسان ہیں
کوئی ظلم و جبر سے دبا نہ سکا　　ڈھیروں دولت سے کوئی جھکا نہ سکا
دینی جذبوں کی سچی داستان ہیں
میرے اللہ نے ان کو یہ شان دے دی ہے　　حق کہنے کی سچی زبان دے دی ہے
ہوں یہ بوڑھے تو تب بھی جوان ہیں
سرکشوں دشمنوں کو یہ ٹھکراتے ہیں　　وارثانِ نبوت یہ کہلاتے ہیں
قوم کے رہبر اور سلطان ہیں
کر کے تیار دیتے یہ مکان ہیں
ان کے گستاخ بڑے ہی نادان ہیں
رکھتے شاہین سے بھی اونچی اڑان ہیں
رکھتے سچائی کا عہد و پیمان ہیں
جانثار اے وطن تیرے علماء ہی تھے　　پہرے دار اے وطن تیرے علماء ہی تھے
علماء اساتذہ رب کی برہان ہیں
چٹائیوں پر بیٹھ کر یہ پڑھاتے رہے　　حب سنت یہ سب کو سکھاتے رہے
خلق خدا پہ بہت مہربان ہیں
پیدا کیئے مدارس کی رو پڑی　　لکھنوی، دہلوی اور کئی غزنوی
ہوئے تجھ پہ وطن کئی قربان ہیں
کون کہتا ہے دہشت گرد ہیں ادھر　　کچھ سمجھ کر کرو بات اہل نظر
کچھ تو سوچو یہ حافظ قرآن ہیں
دینی مدرسے صفہ کی اولاد ہیں　　کملی والے نبی ﷺ ان کے استاد ہیں
رب کے محبوب رحمت جہان ہیں
جو امن کا پیغام سناتے رہے　　گالیاں کھا کے بھی مسکراتے رہے
ان کا اخلاق پارے یہ قرآن ہیں
یہ تمہارے جنازے پڑھانے والے　　کندھوں پہ زخمیوں کو اٹھانے والے
ان کو مت چھیڑو جنت کے مہمان ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اخلاص کے ثمرات

اگر ایمان ہے اخلاص ہے تقویٰ طہارت ہے — تو پھر تیری حیاتی سمجھ لو اک بے مثالی ہے
میسر آجائے جس شخص کو اخلاص کی دولت — یہاں قسمت بھی عالی ہے وہاں قسمت بھی عالی ہے
ان مخلصین کو نیت کا بس ثواب ملتا ہے — یہاں بھی خوش حالی ہے وہاں بھی خوش حالی ہے
اگر اخلاص ہو تجھ میں تو سونا بھی عبادت ہے — تاج اہل ایمان کی ہر عادت ہی نرالی ہے
جو مخلص ہیں وہ ریا کاری سے کوسوں دور ہوتے ہیں — کہ ہر برائی سے رب نے حیات ان کی بچالی ہے
اگر بیمار ہو مخلص یا حالت سفر کے اندر — تو ہر عمل کی انھوں نے نیت پر جزا لی ہے
وہ بستر مرگ مریں تو پھر بھی شہادت ہے — کہ ان کا عمل بالکل حب دنیا سے خالی ہے
یقین جن کا یوم حساب و محشر پہ پختہ ہے — کبھی ان کی زبان سے نکلتی نہ کوئی گالی ہے
وقت اجل زبان پر جس کے ہو کلمہ شہادت — سمجھ لو اس نے حاکم اعلیٰ کی قربت سنبھالی ہے
وہ مسجد میں گیا وضو کیا جماعت ہو گئی — ثواب اس کو ملا پورا ہو اواپس نہ خالی ہے
نکل رہی ہے آواز جو تاج اس کے سینے سے — اسی آواز نے کی دونوں جہاں رکھوالی ہے
عمل قلیل ہو پھر بھی اجر کثیر ملتا ہے — یہ کتنی اہل اخلاص کی عظمت نرالی ہے
جو اہل دل خدا کے واسطے دیتے ہیں قربانی — خدا نے ان کی ہر برائی خود چھپالی ہے
ارے اخلاص ایمان کی تزئین و آرائش ہے — اگر اخلاص ہے تو تو نے جنت خود بنا لی ہے
قبر میں شاد مانی ہے حوض کوثر کا پانی ہے — اگر دکھلا وا ریا کاری ہے تو پھر بد اعمالی ہے
الٰہی پیدا کر اخلاص ہمارے دین و ایمان میں — کہ تیرے در کا اک تاج گنہگار سوالی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عظمت صحابہؓ و اہل بیتؓ

صحابہؓ وہ جنہوں نے قرآن ہم تک پہنچایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

صحابہؓ کی جماعت ساری دنیا سے نرالی ہے
حرمت مصطفےٰ ﷺ پر جان قربان کرنے والی ہے

جہاں امر ہوا ان کو وہیں پر سر جھکایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

ہم اہل بیتؓ اور اصحابؓ کو سلام کرتے ہیں
نبی ﷺ کے پیاروں کا ہم دل سے احترام کرتے ہیں

انہوں نے دین کی خاطر ہر ایک دکھ اٹھایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

ہم نوکر صحابہؓ کے ہمیں جان سے پیارے ہیں
کبھی لشکر کفر سے وہ نہ سہمے ہیں نہ ہارے ہیں

خدا کی رضا کی خاطر خون اپنا بہایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

کوئی آئے یہ بتلائے وہ کس سے پیار کرتے تھے
بیٹھ کر رات کو روتے اور اک اللہ سے ڈرتے تھے

انہوں نے دین کی خاطر سب کچھ اپنا لٹایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

میں یار غار پر صدقے عجب ان کی صداقت ہے
کیا تن من دھن قربان محمد ﷺ کی محبت ہے

آج بھی بستر روضہ اقدس میں لگایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

حیاتی میں بنایا ان کو نائب رسول اللہ ﷺ
کسی موقع پر نہ پایا ایسا نائب رسول اللہ ﷺ

ابھی اسلام پر صدیقؓ کا قرضہ بقایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

لگایا نعرہ تکبیر عمر ابن خطابؓ آیا
خدا سے مانگا آقا نے دعاؤں کا جواب آیا

عدل انصاف میں عمرؓ زمانے بھر میں چھایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

عمرؓ کی لب کشائی پر نبوت مسکراتی تھی
عمرؓ کا مشورہ ہوتا وحی بن بن کے آتی تھی

یہ سب میرے خدا نے عمرؓ کو رعب عطایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

حیا عثمانؓ پر میرے نبی ﷺ کی خود شہادت ہے
زمانے بھر کے اندر معروف ان کی سخاوت ہے

سفیر اسلام کا عثمانؓ نبی ﷺ نے فرمایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

مدینۃ النبی کے شہید مظلوم عثمانؓ ہیں
نبی ﷺ کے دوہرے داماد وہ جامع القرآن ہیں

کئی بار ٹکٹ جنت کا اللہ سے پایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

علیؓ کی شجاعت کیا کہنے گواہ سارا زمانہ ہے
علی حیدرؓ کرار ہے نبی ﷺ کا وہ دیوانہ ہے

علیؓ کی آنکھوں میں لعب آقا ﷺ نے لگایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

نبی ﷺ کے سارے پروانے نبی ﷺ کے سب پیارے ہیں
خادم مصطفےٰ ﷺ ہیں کہتے قرآنی سپارے ہیں

جان کی بازی لگا کر تاج دیں رب کا پھیلایا ہے
عرب سے عجم تک اسلام کا پرچم لہرایا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بقیۃ السلف حافظ محمد یحییٰ عزیز میر محمدیؒ

حافظ محمد یحییٰ عزیزؒ پیارا — تبلیغ دین میں اپنا عہد نبھا گیا ہے
آنسو بہا رہا ہے آج جہان سارا — درویش جاتے جاتے دنیا رلا گیا ہے
اللہ کا مجاہد اسلام کا مبلغ — بے لوث البدر میں قرآن سنا گیا ہے
آپس میں اس قدر احسان اور مروت — باہم محبتوں کی شمع جلا گیا ہے
تقویٰ و طہارت اخلاص کا وہ پیکر — دین و ایمان پہ اپنا تن من لٹا گیا ہے
پیغام قرآن و سنت گھر گھر میں پہنچا کر — داعی قرآن کو اس کی منزل بتا گیا ہے
تبلیغ دین پہ اپنی زندگی نثار کر دی — احباب کو سنت کی راہ پہ لگا گیا ہے
زبدۃ الاتقیاء وہ وارث انبیاء وہ — سید اولیا وہ سنت پڑھا گیا ہے
اخلاق دیکھ کر بیگانے ہوئے بھی اپنے — سکہ زبانِ شیریں کا ایسا منوا گیا ہے
فکر مدبرانہ انداز دلبرانہ — ہر اک کو تاج اپنا دیوانہ بنا گیا ہے
وہ دین حق کا راہی قرآن کا سپاہی — پوری جماعت میں اک رنگ جما گیا ہے
آیا تھا جس جگہ سے ہوا دفن وہیں پر — اے میر محمد یو تمہیں کیا کیا سکھا گیا ہے
تاجؔ امت کی خیر خواہی دل میں بسی تھی ان کے — ہے امید رب سے اپنی جنت کو پا گیا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فحاشی پھیلانے والے

ہلاکت قوم مسلم کی فحاشی عریانی ہے — فحاش عام ہو جس وقت قیامت کی نشانی ہے
حیا و شرم ہو جائے ختم جب قوم کے اندر — زوال قوم مسلم ہے ختم قوت ایمانی ہے
فحاشی پھیلانے والے شیطان کے پیارے بھائی ہیں — یہی شارع جہنم ہے یہی عمل شیطانی ہے
کبھی سوچا ہمارے نالے کیونکر بے اثر ہیں آج — مراحل آخرت بھولے گھر گھر پریشانی ہے
جسے طائف میں پتھر کھا کے پیغمبر نے پھیلایا — احد میں گر پڑے آپ زخمی زخمی پیشانی ہے
اسی اسلام کی برکت سے دنیا بھر میں عزت تھی — کہاں وہ دین اسلام کہاں گئی مسلمانی ہے
حکم ہے مومنوں کو کہ جھکا کر رکھنا نظریں — یہی پاکیزہ ہے اس کو یہی خندہ پیشانی ہے
یہ ایڈز اور کینسر سبب اس کا فحاشی ہے — انھی کے لئے عذاب الیم آیت قرآنی ہے
مسلمان عورتوں کو ہے حکم نظریں جھکا رکھنا — بناؤ سنگھار ظاہر نہ کریں یہ عریانی ہے
بڑے خطرات ہیں راہ عشرت میں سنبھل جانا — کان آنکھ بھی زانی ہاتھ پاؤں بھی زانی ہے
کئی لباس زیب تن کر کے پھر بھی ننگی ہیں — یہی روش شیطانی ہے یہ اپنی من مانی ہے
ہو جائے اگر احساس ندامت کسی مومن کو — سمجھو پھر تو جنت ہے سنور گئی زندگانی ہے
سکون قلب مال و زر کی کثرت میں نہیں شاکر — حدود اللہ کے نفاذ میں ہی آسانی ہے
ہم اس کی نعمتیں کھا کر اسی کے سرکش بندے — وہ پھر بھی معاف کرتا ہے یہ اس کی مہربانی ہے
درس دینا تھا ہم نے تاج دنیا کو حمیت کا — مگر ہم نے شیطان کے پیچھے گنوا دی جوانی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فکرِ آخرت

جو آیا اس جہاں میں ہے اسے اک دن جانا ہے ۔۔۔ میرا تیرا میرے بھائی آخر قبر ٹھکانہ ہے
قبر جنت باغیچہ ہے یا پھر دوزخ کی وادی ہے ۔۔۔ ہر اک نے اپنے عملوں سے اسے جنت بنانا ہے
بہار زندگی چند روز ہے پل کی خبر نہیں ۔۔۔ ہزاروں نیک بد آئے ہوا خالی کاشانہ ہے
تجھے ڈولی میں رکھ کر ایک دن جنگل لے جائیں گے ۔۔۔ پتہ چل جائے گا تجھ کو کہ تو کس کا دیوانہ ہے
جو ڈر کر زندگی تو نے گزاری اپنے اللہ سے ۔۔۔ نہیں کچھ خوف پھر تجھ کو اگر رب سے یارانہ ہے
یہ مال و دولت دنیا یہاں پر رہ جائے گی ۔۔۔ کسی نہ کام آئے گا تیرا جو بھی خزانہ ہے
قبر میں سانپ بچھو ہیں وہاں وحشت و دہشت ہے ۔۔۔ اگر نماز تقویٰ ہے تو پھر رنگ شاہانہ ہے
وہی زر مال اور دولت تیرے کام آئے گا ۔۔۔ دیا جو اس کی راہ میں خالص کوئی نذرانہ ہے
ملے گی منزل اس کو دنیا آخرت کوئی ۔۔۔ کہ جس کا چال چلن یہاں پر عاجزانہ ہے
قبر دلہن بنائے گی آرام سے سلائے گی ۔۔۔ وہاں سارے ہی اپنے ہیں کوئی بھی نہ بیگانہ ہے
عذاب قبر پر جس کا یقین محکم ہے اے پیارے ۔۔۔ وہ بندہ ہے ولی اللہ توحید اس کا خزانہ ہے
آؤ قبر و حشر کی فکر میں لگ جائیں ہم سارے ۔۔۔ کرے گا رحم ہم پر وہ عمل تو اک بہانہ ہے
عذاب قبر سے میرا خدا محفوظ رکھے گا ۔۔۔ جو سورۂ ملک کی کرتا قرأت روزانہ ہے
جو فکر آخرت میں مضطرب رہ کر کرے توبہ ۔۔۔ یہ تاج اللہ کی نعمت ہے جنت کا پروانہ ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت لقمان کی اپنے بیٹے کو وصیت کا مفہوم (سورۃ لقمان القرآن)

کہا لقمان نے بیٹے شرک ظلم عظیم ہے — ہمیشہ شرک سے تو دامن اپنا بچا رکھنا
خدا خالق وہی مالک وہی مشکل کشا سب کا — ہمیشہ سر اسی کے در میرے بیٹے جھکا رکھنا
فرض ہے خدمت ماں باپ اس کی بندگی کے بعد — عجز سے اپنا کندھا ان کے لئے جھکا رکھنا
تری ماں نے تجھے پالا بہت تکلیفیں سہہ سہہ کر — ہمیشہ اپنی دعاؤں میں تو ان کا تذکرہ رکھنا
شرک کے معاملے میں ان کی کچھ طاعت نہیں واجب — ابھاریں شرک پر اگر زباں پر لا اللہ رکھنا
برائی کر برا ہو گا بھلائی کر بھلا ہو گا — کوئی دیکھے یا نہ دیکھے خدا پر بس نگاہ رکھنا
عمل کوئی بھی ہو کیسا بھی ہو رب کے علم میں ہے — اسی سے ہر وقت ڈرنا دل کو پار سا رکھنا
امر معروف کا کرنا نماز وقت پر پڑھنا — ہمیشہ سر جھکا رکھنا نہ دل آزر کدہ رکھنا
ہزاروں رنج و غم تجھ کو اگر پہنچیں حیاتی میں — مصائب میں صبر کرنا نہ دل میں کچھ گلہ رکھنا
نہ گردن کو اٹھا رکھنا نہ دل کو بے وفا رکھنا — ہمیشہ چال اپنی کو تکبر سے بچا رکھنا
ساری آوازوں سے ہے بری آواز گدھے کی — قناعت سے کام لینا زباں کو سمجھا رکھنا
ہزاروں رنج و غم کا مداوا صبر و قناعت ہے — حسد بغض سے بچنا دل اپنا کھلا رکھنا
محبت فاتح عالم شرافت کی علامت ہے — کبھی کسی بھی الجھن میں نہ دل کو مبتلا رکھنا
مآل عشرت دنیا سر محشر فضیحت ہے — تلاوت قرآن و سنت سے دل اپنا جلا رکھنا
ہمیشہ خندہ رو رہنا نصیحت تاج ہے میری — محمد ﷺ کی محبت سے دلوں کو ہمنوا رکھنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم

نبی کی نبوت ہے ختم نبوت　　بھلا اور نبی جگ میں آئے گا کیسے؟
ہے قرآن میں وہ نبی ﷺ آخری ہے　　کوئی آیت قرآن کو بھلائے گا کیسے؟
وہ خیر البشر فخر اولاد آدم　　کوئی بشیرو نذیر کہلائے گا کیسے؟
شریعت ہے ان کی بہت سیدھی سادی　　یتیموں سے دل کوئی لگائے گا کیسے؟
ارے سب سے اعلیٰ ہے نعمت محمد ﷺ　　کوئی اس پر شکر ادائے گا کیسے؟
نعرہ بلند کیا توحید جس نے　　ماریں رب کی خاطر کوئی کھائے گا کیسے؟
بدر و احد میں لڑے خود وہ جا کر　　کوئی ایسا جذبہ دکھائے گا کیسے؟
وہ خلق عظیم سے جگ میں چھائے　　انقلاب ایسا کوئی لائے گا کیسے؟
ہے ہر اک قدم ان کا شمع ہدایت　　کوئی یوں جہالت مٹائے گا کیسے؟
قسم رب کی وہ خاتم انبیاء ہیں　　کوئی بے راہ رووں کو بتائے گا کیسے؟
نرالی جہاں میں ہے سیرت محمد ﷺ　　کوئی سیرت کو گھر گھر پہنچائے گا کیسے؟
محمد ﷺ کا حسن و جمال اللہ اللہ　　کوئی محسن اعظم کہلائے گا کیسے؟
میدان بدر کی رو رو دعائیں　　یوں سر رب کے در کوئی جھکائے گا کیسے؟
ہیں شانیں نرالی ادائیں نرالی　　کوئی رحمت کے دریا بہائے گا کیسے؟
جو کذاب دعویٰ نبوت کرے گا　　وہ اللہ کو کل منہ دکھائے گا کیسے؟
وہ کذاب ہو گا وہ دجال ہو گا　　حشر میں وہ نجات پائے گا کیسے؟
جو ختم نبوت کو نہ تاج مانے　　بھلا رب کی جنت میں جائے گا کیسے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

تو حاجت رواہ ہے تو مشکل کشاہ ہے

تو حاجت رواہ ہے تو مشکل کشاہ ہے تو ہی شہنشاہ ہے تو سب کا الٰہ ہے
ہر اک رنگ میں تیری قدرت کا جلوہ مولا ہر اک تیرے در کا گدا ہے
میرے مالک تیرا کوئی نہ ثانی ہر اک کر رہا تیری حمد و ثنا ہے
تیرے ہاتھ میں ہے سب کی بھلائی جسے جو ملا ہے وہ تجھ سے ملا ہے
متاع اہل خیر توحید تیری اے اللہ یہ تیری ہی سب کچھ عطا ہے
جو ہو کوئی بیمار لاچار بندہ تیرے ہاتھ میں ہر مرض کی شفا ہے
میں کیا لینے جاؤں مزاروں پہ جا کر منع کیا ہمیں محبوب خدا ﷺ ہے
تو ہی مالک کل تو ہی خالق کل تیرے در پہ ہی بس سجدہ روا ہے
جو اگتے ہیں بیج تاریکیوں میں ہر بیج دیتا تیری صدا ہے
جو کرتا ہے غیروں کے در پر سجدے بھلا اس سے بڑھ کر کوئی گمراہ ہے
کرے جاری جو بدعتیں سنتوں میں واللہ وہ اسلام کا بے وفا ہے
نہیں اس کا ختم نبوت پہ ایمان جو سنت نبی ﷺ پہ ہوا نہ فدا ہے
اے اللہ تیرا ہم کرم مانگتے ہیں ہمیں بخش دے تاج کی یہ دعا ہے

www.KitaboSunnat.com

خدمت والدین کا اجر

رضائے رب دو عالم تجھے عطا ہو جائے گی
جو اپنے والدین کا تابع فرماں ہو گا

کسی انسان کی خدمت اپنی جاں کی خدمت ہے
تو اپنی ماں کی کر خدمت ترا خادم جہاں ہو گا

کہو نہ اف تک ان کو یہی حکم ربانی ہے
اگر نہ اب بھی سمجھے کوئی بہت بڑا ناداں ہو گا

تابع شرع محمد ہی ہمیشہ پاتے ہیں منزل
بعد مرنے کے مرقد میں انھیں امن واماں ہو گا

خدا نے دین و دنیا میں انھیں دی عزت و عظمت
جو اپنے ماں باپ کی عزت کا پاسباں ہو گا

فرض ہے ہم پہ اے نوجوانوں خدمت ان کی
اطاعت ان کی کریں گے تو اللہ مہرباں ہو گا

انھوں نے کس طرح پالا ہے آغوش محبت میں
کرے گستاخی ان کی جو بڑا ہی بے ایماں ہو گا

مزہ اس میں ہے ان کا حق دنیا میں ادا کر دیں
کے ان کی دعاؤں سے تیرا آساں ہر امتحاں ہو گا

اگر تجھ کو جہاں میں ظلم سے محفوظ رہنا ہے
تو خود بھی ظلم نہ کرنا ترا خادم جہاں ہو گا

مقام ماں ہوا معلوم جب ضائع عمر ہو گئی
سمجھ جاؤ اگر اب بھی تو رب کا احساں ہو گا

تیرا مال و متاع تیری تجا رت ان کا سرمایہ
سبب ہے تیری بخشش کا عمل رواں دواں ہو گا

حقوق ان کے ادا کرنے سے دعا تیری قبول ہو گی
قدم ماں باپ کے چوموں ختم دور خزاں ہو گا

اگر ماں باپ کی کوئی نہ خدمت کر سکے پیارے
وہ کتنا بد نصیب ہو گا وہ کتنا بدگماں ہو گا

جو عجز و نیاز سے اک بار دیکھے ماں پیاری کو
ملے گا حج کا درجہ وہ کامل مسلماں ہو گا

خدایا رحم کر ان پر جو مجھ پہ رحم کرتے تھے
انھیں جنت عطا کر دے تیرا مولا احساں ہو گا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

23 مارچ یوم پاکستان

بساط اخوت ہم کو بچھانے کی ضرورت ہے | بڑھے جس قدر طاقت بڑھانے کی ضرورت ہے
بحکم مصطفیٰ ﷺ (کونوا عباد اللہ اخوانا) | حسد بغض اور کینہ مٹانے کی ضرورت ہے
صرف ایک اللہ کی ذات پر کرنا بھروسہ ہے | اسی کے ایک در پر سر جھکانے کی ضرورت ہے
اگر اسلاف کی تاریخ پر نازش ہے ہم کو | تو تیغ حضرت خالدؓ چلانے کی ضرورت ہے
بقائے وطن ہے پیارو صرف اسلام کے اندر | سر پرچم اسلام کے نیچے چھپانے کی ضرورت ہے
کفر سے لے کے آزادی بنایا ہم نے پاکستان | ایمان قرآن کا علم لہرانے کی ضرورت ہے
کرو وہ یاد جو اللہ سے کیے ہم نے وعدے تھے | اسی عہد و پیاں کو دھرانے کی ضرورت ہے
ورد ہر اک زباں پر تھا لا الہ الا اللہ | ہر اک گوشے میں آج اسی ترانے کی ضرورت ہے
سود و رشوت و چوری دجل کا توڑنا بت ہے | ظلم و ستم کا دور ہٹانے کی ضرورت ہے
وہ جس کے دھر میں آنے سے دور انقلاب آیا | اسی رہبر کی سنت اپنا نے کی ضرورت ہے
وہ جس نے وحدت کا دیا پیغام امت کو | اسی کی سیرت وصورت بتانے کی ضرورت ہے
وہ جس نے درس آزادی دیا ابدی غلاموں کو | جہاں کو پیغام ان کا سنانے کی ضرورت ہے
آؤ پورا کریں عہد و فا عدل و احساں کا | کہ تاجؔ آج اسی عہد کو نبھانے کی ضرورت ہے
کہا تھا ہم نے پاکستان کا مطلب ہے لا الہ | خلاف شرع ہر آئیں ہٹانے کی ضرورت ہے
کفر کی ساری سطوتیں مسل دو پاؤں کے نیچے | تاج اس قوم کو راہ سنت دکھانے کی ضرورت ہے
اگر ہو متحد امت کفر سب ٹوٹ جائے گا | تفرقے آپس میں سب مٹانے کی ضرورت ہے
عزم جس قوم کا ہو یہ مٹا سکتا ہے کون ان کو | تاجؔ اس نسل نو کو اب جگانے کی ضرورت ہے
یہ اک نعرہ توحید سے کفر کی چولیں ہلا دیں گے | بس اک نغمہ توحید ان کو سنانے کی ضرورت ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مسجد کا پیغام امت محمدیہ ﷺ کے نام

ہے قلب ونظر کی تسکین مسجد   ہے جنت کا حقدار شوقین مسجد
ہے قصر شہی ہیچ میری نظر میں   کہ جنت فردوس برین مسجد
وہ مومن ہے کامل قرآن کہہ رہا ہے   جو ہے صدق دل سے امین مسجد
بنا دیا گھر اس کا رب جنتوں میں   بنائے جو گھر اس کا بہترین مسجد
جیسے مچھلی پانی میں دل ہے لگاتی   ایسے دل لگاتے ہیں مومنین مسجد
وضو کر کے گھر سے جو مسجد میں آئے   ہے حج کا اجر واہ آفرین مسجد
اے اللہ کے بندو! میری طرف آؤ   یہ کرتی ہے پنج وقت تلقین مسجد
بخشش کی ضیا رحمت کی صدا ہے   پیغام آفرین سرزمین مسجد
بنے جو دل و جان سے خادم مسجد   وہ رب کا ولی ہو جو غمگین مسجد
حیات آفرین تیری امام مسجد   کہ تو جنتی کہا شاہ دین مسجد
زمانے کی تابانیاں تجھ پہ صدقے   ہے گرد اس کی نور مبین مسجد
شریعت طریقت ہے ملتی یہاں سے   ہے منبع علم تاجؔ حسین مسجد
اگر چاہتے ہو حفاظت شیطان سے   تو بن جاؤ سجادہ نشین مسجد
یہ اللہ کا گھر ہے پکا رو اسی کو   ہے توحید ہی حصار دین مسجد
اطاعت سوا تاجؔ کچھ نہ ملے گا   چاہے کس قدر بھی ہو رنگین مسجد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نعت شریف

کملی والے کی سیرت پہ صدقے ۔۔۔ لے کے اللہ کا قرآن آیا
مٹ گئے ساری دنیا سے جھگڑے ۔۔۔ بن کے رحمت جہان آیا
ختم الرسل کا سہرا سجا کے ۔۔۔ واللیل کی زلفیں لہرا کے
بخشا معراج کا شرف رب نے ۔۔۔ کر کے دنیا کو حیران آیا
دیکھا طائف میں ہر کسی نے ۔۔۔ کس قدر مار کھائی نبی ﷺ نے
زخمی زخمی ہیں پاؤں نبی ﷺ کے ۔۔۔ کر کے عالیشان بیان آیا
کیا عظمت کروں بیان ان کی ۔۔۔ مدح کرتا ہے قرآن ان کی
خلق عظیم سے متصف ہیں ۔۔۔ نبی ﷺ آخر الزمان آیا
وہ امام سب کا امام ۔۔۔ بھیجتا خود ہے اللہ سلام
تاجدار رسالت پہ قربان ۔۔۔ ہو کر سارا جہاں آیا
نوری بھی کریں ان کی غلامی ۔۔۔ خاکی بھی کریں ان کو سلامی
حضرت آمنہ کے دلا رے ۔۔۔ بن کے تفسیر قرآن آیا
طعنے دن رات لوگوں کے سہتے ۔۔۔ فلاح انسانیت میں ہی رہتے
تاج شاکر نبی ﷺ پر قربان ۔۔۔ بن کے اللہ کا احسان آیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حدیث شریف پڑھنے پڑھانے والے

حدیث مصطفیٰ ﷺ پیاری جو سینوں سے لگاتے ہیں
وہ دین و دنیا اندر امن و امان پاتے ہیں

حدیث مصطفیٰ ﷺ خاطر سفر کرتے ہیں جو طالب
اللہ کے فرشتے اس کی راہ میں پر بچھاتے ہیں

جو مصداق حدیث مصطفیٰ ﷺ بنتے ہیں دنیا میں
وہ کتنے خوش نصیب اہلحدیث جو کہلاتے ہیں

یہ تقاضائے سنت ہے عقیدہ ہو صحیح اپنا
بخاری پڑھنے والے سر نہ قبروں پہ جھکاتے ہیں

ظلم جہل ضلالت کو مٹاتے ہر جگہ پر ہیں
وہ قریہ قریہ جا کر قول پیغمبر سناتے ہیں

زوال فکرو نظر ہے تقلید اماموں کی
جہاں قول پیغمبر ہو وہ فوراً سر جھکاتے ہیں

جو شیدائے حدیث مصطفیٰ ﷺ ہیں تاج جنتی ہیں
انہی خوش بختوں کو آقا حوض کوثر پلاتے ہیں

نبی ﷺ کا ہر اک ارشاد ایمان تازہ کرتا ہے
ولی اللہ سنت نبوی ﷺ سے ایمان گرماتے ہیں

اللہ اللہ نبی ﷺ پیارے کے فرمان کتنے شیریں ہیں
لبوں سے لب ملاتے ہیں وہ جب ہونٹوں پہ آتے ہیں

ابھی تک خوشبو ملتی ہے ان کے گیسوؤں کی
مشک عنبر مہک آتی ہے جب ہونٹ ہلاتے ہیں

ابھی پھولوں میں رنگت ہے محمد ﷺ کے تبسم کی
ماحول خندہ زن ہوتا ہے جب وہ مسکراتے ہیں

نبی ﷺ کے فرمان نے ہی بتایا ہے یہ قرآن ہے
وہی کہتے نبی ﷺ ہیں جو میرے اللہ بتاتے ہیں

زبان جبرائیل کی اصل میں ہے فرمان اللہ کا
وہی سنتے ہیں نورانی جو اللہ سناتے ہیں

حبذا دونوں جہاں میں تاج فوز و فلاح ہے
حدیث مصطفیٰ ﷺ اپنے جو سینوں سے لگاتے ہیں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

اللہ کے در سر کو جھکا دے تیرا اللہ نگہبان ہو گا

اللہ کے در سر کو جھکا دے تیرا اللہ نگہبان ہو گا
صبر و طاعت کے اندر ہے جنت تیری بخشش کا سامان ہو گا

اللہ کے در سر کو جھکانا اس سے جنت ملے گا ٹھکانہ
مل جائے جس کو توفیق اس کی رتبہ اس کا عالیشان ہو گا

اللہ کی محبت و قربت پھر تو ہے دونوں عالم میں راحت
پڑھے صلاۃ جو پنجگانہ خلد بریں کا مہمان ہو گا

رب کی یاد میں قرار پالے پنج وقت اس کے در سر جھکا لے
وقت اجل ہو گا منہ میں کلمہ ہر مرحلہ آسان ہو گا

ہے بھلائی کا بدلہ بھلائی یا الٰہی مٹا ہر برائی
جو راہ معصیت سے بچے گا اس پر اللہ مہربان ہو گا

جان و دل سے حکم مان رب کا آیا رمضان مہمان سب کا
جو قیام اللیل کرے دل سے اس پہ شاہد قرآن ہو گا

ہنستا تو کبھی رو رہا ہے اپنا ایمان کیوں کھو رہا ہے
ہو فکر جس کے دل قبر قیامت آسان اس کا ہر امتحان ہو گا

خواب گراں سے جاگ لے مسافر چھوڑ دے رقص و مزامیر و ساغر
اٹھ کے سحری کا کر اہتمام راضی تجھ پہ رحمان ہو گا

ہزار ماہ سے ہیں افضل یہ راتیں کھل کے کر اپنے اللہ سے باتیں
تاج جنت ملے ماں باپ کو بچہ جن کا حافظ قرآن ہو گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مدیر اہلحدیث مورخ اہلحدیث مولانا بشیر احمد انصاری گوجرانوالہ کی فرمائش پر لکھی گئی

نعت شریف
صلی اللہ علیہ وسلم

وہ قرآن والا وہ احسان والا فصیح اور بلیغ بیان والا
وہ مہر عرب وہ ماہ عجم صلی اللہ علیہ وسلم

ان کو اعلیٰ رب نے بنایا ختم نبوت کا تاج سجایا
رہبر کامل ہادی اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

ہر اک کا رب سے رشتہ جوڑا شرک کا ہر اک طلسم توڑا
مہکایا توحید سے خانہ ارقم صلی اللہ علیہ وسلم

رحمت عالم ختم الرسل ہیں امام اعظم دانائے سبل ہیں
مشتاق ان کے عیسیٰ و مریم صلی اللہ علیہ وسلم

عورت کو چادر حیاء کی پہنائی ظلم وستم کی آگ بجھائی
ان جیسا کوئی مونس نہ ھمدم صلی اللہ علیہ وسلم

چمکا زمانے میں نام محمد ﷺ بلند کیا رب مقام محمد ﷺ
ضیا فگن ہے محمد ﷺ کا پرچم صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ نے ان کو فلک پر بلایا امام الرسل کا رتبہ عطایا
رحمت برستی ہے ان پر ہر دم صلی اللہ علیہ وسلم

رحمت اللعالمین رب بنا کر شفیع مذنبین کا رتبہ عطا کر
رو رو کے مانگیں گے اللہ کا کرم صلی اللہ علیہ وسلم

ان کی اطاعت طاعت خدا ہے قرب الٰہی سنت مصطفیٰ
حاصل ان کو تائید کتاب محکم صلی اللہ علیہ وسلم

آؤ ان کی الفت کا دم بھرنے والو چھٹ جاؤ سنت سے ڈرنے والو
نہ جنت ملے یوں اللہ کی قسم صلی اللہ علیہ وسلم

وہ صاحب خلق عظیم آئے فخر آدم رؤف رحیم آئے
تاج ان کے خادم شاہ عرب وعجم صلی اللہ علیہ وسلم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میرے نبی کو رب نے رتبے عطا دیئے ہیں

نعت شریف

میرے نبی کو رب نے رتبے عطا دیئے ہیں — اقصیٰ میں سارے انبیاء مقتدی بنا دیئے ہیں
افضل سارے جہاں سے ان کو خدا بنایا — سیّد الا نبیاء کا رتبہ انہیں عطایا
ان کے ادب میں مولا شجر جھکا دیئے ہیں — انسان کو جینے کے گر سکھا دیئے ہیں
ان کے مراتب کا کون کرے اندازہ — محبت نے ان کی سارے روٹھے ملا دیئے ہیں
ان کے خلق کا دشمن بھی ذکر کر رہے ہیں — سنگریز تآج ان پر درود پڑھ رہے ہیں
طیبہ کی وادیوں میں آفتاب آگیا ہے — ان کی آواز نے کسریٰ کے در ہلا دیئے ہیں
بولیں تو اپنا پیارا وہ بول بولتے ہیں — جیسے اہل مدینہ یوں موتی رولتے ہیں
سیرت نے ان کے دنیا میں سکے بٹھا دیئے ہیں — جنگ و جدل کے رسیا بھائی بنا دیئے ہیں
آئے جو پاس ان کے سردار بن گئے ہیں — اونٹ چرانے والے سالا ر بن گئے ہیں
ہر طرف رحمتوں کا علم لہرا یا — خود پیٹ بھر کے آپ ﷺ نے کھانا کبھی نہ کھایا
کردار مصطفیٰ ﷺ نے دل تڑپا دیئے ہیں — میرے نبی کو رب نے رتبے عطا دیئے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رمضان المبارک کا آنا مبارک ہو

مبارک ہو صد مبارک ماہ صیام آیا بخشش و رحمت کا لے کر پیغام آیا
سارے مہینوں میں سلطان یہ مہینہ خیر الوریٰ کہا ہے شھر السلام آیا
راتیں بھی اس کے اندر مانند ہیں دنوں کی پروانہ مغفرت کا لے کر یہ عام آیا
ہر ایک صائم کو تقویٰ سکھا رہا ہے ہے عجب دستورِ قیام و طعام آیا
رکھی ہے رب نے سحر و افطار میں یہ برکت مومن کے اکل و شرب کا عجب نظام آیا
صائم کسی بھی صورت باغی نہیں ہو سکتا الصوم جنۃ فرمان خیر الانام آیا
اسی ماہ میں ہوا نازل قرآن رب کا جو سارے کلاموں سے افضل کلا م آیا
کر تا تعظیم ہے جو ماہ مقدس کی اس پر خدا کا فضل صبح و شام آیا
لکھی رکھی ہے اس میں فضیلت کی ایک رات حتی مطلع الفجر تک جس میں سلام آیا
کرتے تھے اسی ماہ میں دور قرآن آپ ﷺ کہ روح الامین اس ماہ سر عام آیا
سخاوت کا ہے مہینہ عبادت کا ہے مہینہ خوش بخت جس کے حصے میں صیام و قیام آیا
وہ ایک تحریک جو جرم سے ٹوکتی ہے کتاب ھدیٰ میں تقویٰ اس کا ہے نام آیا
کھل گئے ہیں تاج سارے جنت کے دروازے مبارک ہو اہل جنت کہ ابتسام آیا
صبر و ہمدردی کا ہے تاج یہ مہینہ بڑا خوش بخت کہ جو غرباء کے کام آیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صبر والے

صبر اللہ کی نعمت ہے صبر اللہ کا سایا ہے ۔۔۔ صبر والوں کا چہرہ کبھی نہ مرجھایا ہے
اگر صبر وقناعت ہے تو پھر جنت ہی جنت ہے ۔۔۔ صبر والوں کا چہرہ ہمیشہ مسکرایا ہے
ہزاروں رنج و غم کا مداوا صبر و شکر ہے ۔۔۔ صبر نہ کرنے والا ہمیشہ پچھتایا ہے
ثمر صدق و محبت کا ثمر صبر و قناعت کا ۔۔۔ ملی گی جنت الفردوس کرم رب فرمایا ہے
برائی دیکھ کر نفس پہ قابو جو پاتا ہے ۔۔۔ صبر والوں کا رتبہ میرے اللہ نے بڑھایا ہے
رضا وصبر کا اک دن مظاہرہ کر کے دیکھو ۔۔۔ بہت میٹھا ہے پھل اس کا مزہ عجب پایا ہے
تیری بخشش ورحمت کا سبب بن جائیں گے دونوں ۔۔۔ بہت احادیث میں ہم کو رسول اللہ بتایا ہے
کبھی جھکتے نہیں الحاد کے آگے صبر والے ۔۔۔ صبر والوں کے در اللہ نے شاہوں کو جھکایا ہے
صبر یوسف نے کیا بادشاہی رب عطا کر دی ۔۔۔ بہت آئے مراحل پر کبھی نہ طیش آیا ہے
صبر اور حوصلے سے ہوئی رحمت خداوندی ۔۔۔ صبر سے بہت سے لوگوں کو رتبہ عطایا ہے
صبر والوں کے لئے قربت واللہ کی رحمت ہے ۔۔۔ صبر والا خدا کے در کبھی نہ شرمایا ہے
رضائے رب دو عالم اگر چاہتے ہو دنیا میں ۔۔۔ ملی ہے اس کو جس نے صبر کو سینے لگایا ہے
ہے حسرت کا سبب بے صبری و ناشکری ۔۔۔ تاج اللہ صبر والوں کا ہی گلشن سجایا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شان مدینہ

میرا دل جان مدینہ ہے میرا ایمان مدینہ ہے
میرا ارمان مدینہ ہے میرا جہان مدینہ ہے

آؤ سارے محبت مصطفیٰ ﷺ سے کر لیں دل روشن
کہ ان کی سیرت وصورت کا نغمہ خوان مدینہ ہے

محمد ﷺ کی محبت اصل طاعت سے عبارت ہے
کہ فرمان خدا ہے جو وہ فرمان مدینہ ہے

دل و جان سے طلبگار میں ہوں سیرت محمد ﷺ کا
کہ اخلاق محمد ﷺ کا یہ ترجمان مدینہ ہے

ملی ہے مجھ کو سعادت مدحت رسول اللہ ﷺ کی
کہ ہر بازار و کوچہ محو اذان مدینہ ہے

یہی ہجرت گاہ نبوی ﷺ ہے یہی درسگاہ نبوی ﷺ ہے
کہ مدفن مصطفیٰ ﷺ سرکار دوجہان مدینہ ہے

ہر اک خیرو برکت کا ہے مصدر سرزمین حرم
کہ دعوت توحید و سنت کا نشان مدینہ ہے

یہ جنت ہے جو آتا ہے نہیں جانے کو دل کرتا
عجب ہے مہکتی خوشبو گلستان مدینہ ہے

یہاں کفر و ضلالت کو ٹھکانہ مل نہیں سکتا
کہ اہل توحید و سنت کا آشیان مدینہ ہے

کہ اس کی سرحدوں پہ پہرے دار رب کے فرشتے ہیں
نہ داخل ہو سکے دجال فرمان مدینہ ہے

تو پڑھ درود ابراہیم چل راہ مدینہ کو
تجھے حق نے یہ عزت دی تو مہمان مدینہ ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شان حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما

حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
نواسے میرے نبی دے زاہرہ دے پھول نیں
حدیثاں اوناں دی شان وچ بیشمار سوہنیا
شہید کربلا تے لکھاں سلام نیں
سلام دی عظیم اوہ یادگار سوہنیا
میرے نبی ﷺ نے آپے رکھے ایہہ نام سی
بنے ہر اک مومن دے اوہ یار سوہنیا
کر کے وضو جہناں نوں دودھ پلایا گیا
ابو بکرؓ و عمرؓ وی کر دے سن پیار سوہنیا
خالو حسنؓ و حسینؓ دا حضرت عثمانؓ
خالو دے حسنینؓ پہرے دا سوہنیا
پڑھ دے ہوئے قرآن شہید ہو گئے
ہویا شہید خالو روزے دار سوہنیا
زاہرہؓ دے گود اندر نازاں وچ پلدے رہے
ہویا قبیلہ دین تے نثار سوہنیا
خون وچ خاک کربلا رنگین ہو گئی
رکھیا حسینؓ حق دا وقار سوہنیا
لکھ لکھ کے خط جہناں بلایا حسینؓ نوں
زندہ نے اج وی حسینی آفکار سوہنیا
تکلیفاں وچ رب دا در چھوڑیا نیں
جاری زباں تے ذکر و اذکار سوہنیا
صحابہؓ و اہل بیت اللہ دے پیارے نیں
راضی اوناں تے پروردگار سوہنیا

کر لے محبت دا اظہار سوہنیا
بیٹے حضرت علیؓ دے جایا بتولؓ نیں
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
بیٹے ابوترابؓ دے جتے انعام نیں
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
زاہرہؓ دے پھول کنے ای عالی مقام سی
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
بڑے پیار نال اوناں نوں کھڈایا گیا
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
شرم و حیادا پیکر جامع القرآن
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
قاتل بے ایمان بے دید ہو گئے
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
نازک بدن تے کربلا دے دکھ جھلدے رہے
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
اک داستاں جو زیر زمین ہو گئی
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
اوناں ظالماں کربل رولایا حسینؓ نوں
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
رخ سنت ولوں کدے وی موڑیا نیں
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا
اوناں دین نبی ﷺ دے اوتوں تن من وارے نیں
حسنؓ و حسینؓ جنتی سردار سوہنیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ختم نبوت زندہ آباد

ساڈا رہبر کملی والا اے — سانوں پاسے جان دی لوڑ نئیں
جیہدی شان بیان قرآن کرے — ہور قصے سنان دی لوڑ نئیں
الم نشرح دا او سینہ ایں — اوہدا شہر مکہ تے مدینہ ایں
جے طاعت نئیں کملی والے دی — عاشق کہلان دی لوڑ نئیں
سن شاناں میرے پیر دیاں — سوہنے رہبر بدر منیر دیاں
بن خاتم نبیاں دا آیا — ہور نبی بنان دی لوڑ نئیں
در در دے ٹھیڈے کھاویں گا — جے محمدی نہ کہلاویں گا
جے دل وچ حُب نئیں سوہنے دی — مدینے جان دی لوڑ نئیں
سوہنا رحمت بن کے آیا اے — قرآن وچ رب فرمایا اے
جہڑا خادم اوس دا بن جاندا — اونوں ہور پہچان دی لوڑ نئیں
او نبیاں دا سردار آیا — نبوت دا بووا مار آیا
ہن جگ تے کسے وی کا تے نوں — تاج نبی بنان دی لوڑ نئیں
سب رسماں بدعتاں چھوڑ دیو — رخ سنت دے ول موڑ دیو
جدوں سیرت اوس دی کامل اے — کسے ہور احسان دی لوڑ نئیں
کھڑیاں لبھدے سرکاراں جے — چم چم ڈگ دے درباراں جے
سوہنے ورگا جگ تے آیاں نئیں — ایتھے آن دی ہور لوڑ نئیں
منگ رب توں جو کجھ چاہناں ایں — تیرا رب ہاں کیوں شرماناں ایں
جدوں من لیا داتا اللہ اے — ہور داتا بنان دی لوڑ نئیں
سوہنے دی شان نرالی اے — اوہدے موہڈے کملی کالی اے
پچھے مہر نبوت والی اے — ہور مہر بنان دی لوڑ نئیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "